روجے بوواز (Roger Boase)

یورپ کی عشقیہ شاعری پر عرب اثرات

ترجمہ (انگریزی سے): محمد عمر میمن

[اس ترجمے کے سلسلے میں چند باتوں کی وضاحت ضروری ہے، جن میں انگریزی میں استعمال ہونے والی دو اصطلاحیں سرِ فہرست ہیں: (۱) troubadours، اور (۲) courtly love۔ ''ٹروبے ڈورز'' دراصل ان مشائی مغنیوں یا کوچہ گرد گانے والوں کے لیے استعمال ہوتا ہے جن کی ابتدا گیارہویں صدی کے جنوبی فرانس سے منسوب کی جاتی ہے اور جو پراوینسی زبان (Provençal) میں سخن گوئی کرتے تھے۔ یہ وہ زمانہ ہے جب جنوبی ہسپانیہ میں عربوں کی حکومت قائم ہوئے تقریباً تین صدیاں گزر چکی تھیں۔ سوال یہ ہے کہ خود لفظ ''ٹروبے ڈور'' کا ماخذ کیا ہے؟ اسے یورپی الاصل ثابت کرنے میں مغرب نے جو جونت کاریاں کی ہیں اور جو ذہنی قلابازیاں کھائی ہیں وہ پرلطف بھی ہیں اور دردانگیز بھی۔ لیکن اِنھیں مغربی محققوں کی صف میں وہ افراد بھی شامل ہیں جن کے ذہن میں اس لفظ کا عربی ماخذ بالکل واضح ہے، ایسی مسلمہ حقیقت جس میں کسی قیل وقال کی گنجائش نہیں۔ لیکن اس لفظ کے لیے اردو میں کیا اصطلاح استعمال کی جائے؟ بہت غور وفکر کے بعد میں نے عربی کے ''طَرَب'' (مصدر) اور ''طَرَبی'' (اسم فاعل) کے حق میں فیصلہ کیا۔ لیکن اس تصرف کے ساتھ کہ اپنے ترجمے میں ''طَرَبی'' کے بجائے ''طَرَبیہ'' (واحد) اور ''طَرَبیوں، طَرَبیے'' (جمع) باقاعدگی کے ساتھ استعمال کیا۔ ہم چاہے ''مطرب'' کا لفظ کم کم استعمال کرتے ہوں، ''مطربہ'' سے بہ ہر حال خوب واقف ہیں۔

یہ طَرَبیے جس قسم کے عشقیہ نغمے گاتے بجاتے تھے ان کے لیے عام طور پر مغرب میں "courtly love" کی ترکیب استعمال کی جاتی ہے۔ ہمارے یہاں بہ ظاہر تو اس کا کوئی تصور نہیں، لیکن غور کرنے پر یہ کوئی اجنبی چیز بھی نہیں معلوم ہوتی۔ ہم لوگ ''عشق'' کے ساتھ ''دربار'' کو لازم وملزوم نہیں سمجھتے، لیکن چاہے عربی کی غزلیہ شاعری ہو یا فارسی اردو کی، اس کا زیادہ تر تعلق رہا دربار ہی سے ہے اور کم از کم اردو میں تو یہ روایت انیسویں صدی تک قائم رہی ہے۔ ہمارے بیش تر نام ور شاعر مغلیہ، صوبائی اور نوابی درباروں اور رجواڑوں سے وابستہ رہے ہیں۔ یہ روایت صرف شاعروں تک ہی محدود نہیں تھی۔ جن لوگوں کا فنون لطیفہ یا علمی مشاغل سے تعلق رہا ہے، ان کی سرپرستی شروع ہی سے جاگیردارانہ اور شاہی نظام کا خاصہ رہی ہے۔ بنو امیہ مسلمانوں کا پہلا حکم راں خاندان تھے۔ اموی حکم رانوں میں عمر ابن

عبد العزیز کو چھوڑ کر بقیہ کا اندازِ حکومت خلافت سے زیادہ بادشاہت یا ملوکیت کا تھا۔ اسلام کے اولین دور میں شعر وشاعری، خاص طور پر قصائد (جن کی ابتدا غزلیہ اشعار سے ہوتی تھی) سے عام بے کیفی، یا بل کہ ان کے خلاف بدظنی کے باوجود اموی بادشاہوں نے اپنے جاہ ومرتبے کی قصیدہ خوانی کے لیے اخطل، فرزدق، اور جریر نامی شاعروں کو اپنے دربار میں ڈال رکھا تھا۔

دربار سے انسلاک اور رابطہ خود شاعری کے جوہری وصف کی بابت ہمیں کچھ نہیں بتاتا، اور نہ اسے کسی بھی اعتبار سے شاعری کا جز کہا جاسکتا ہے۔ یہ بس ایک طرح کا بیان ہے جو ایک خارجی صورت حال کی ترجمانی کرتا ہے۔ بہ الفاظ دیگر، ''درباری غزل'' یا ''درباری شاعری'' جیسے فقروں سے جو پیکر برجستہ ہمارے سامنے آتا ہے وہ ذہن میں کوئی مانوس بازگشت پیدا نہیں کرتا۔ چناں چہ ہمیں اس سے نہ ''غزل'' کے خصائص کا پتا چلتا ہے نہ ''شاعری'' کے۔ غزل دربار سے وابستہ ہو یا نہ ہو، اپنی نوعیت میں رہتی غزل ہی ہے۔ اور ''درباری عشق'' کی ترکیب کے استعمال سے کم از کم اردو کی حد تک ہمارا ذہن بہ راہ راست ان خصائص کی طرف نہیں جاتا جو مغرب میں اس سے مراد لیے جاتے ہیں۔ محبت کی ''پاک'' یا ''منزہ'' (amor purus) اور ''ناپاک'' یا ''آلودہ'' (amor mixtus) میں تقسیم اردو والوں کے لیے غیر ضروری ہے (اگر چہ ان سے ملتی جلتی اصطلاحیں عربی غزل کے اولین دور میں ''غزلِ عذری'' اور ''غزلِ اباحی'' کے قالب میں موجود تھیں، اور خود اردو میں بھی کبھی کبھار اس کی ''عارفانہ'' اور ''فاسقانہ'' میں تقسیم نظر آجاتی ہے، لیکن ان کے بارے میں بہت زیادہ فکر مند ہونے کی ضرورت نہیں)۔ غیر ضروری اس لیے کہ پوری کی پوری اسلامی تہذیب میں شاعری کو ''تخیل کے گورکھ دھندے'' سے زیادہ نہیں سمجھا گیا ہے اور غزل کے بندھے ٹکے کرداروں کے لیے یہ لازمی نہیں کہ حقیقی دنیا میں ان کے گوشت پوست کے مترادف بھی موجود ہوں۔ (شاعر، ظاہر ہے، وہ لوگ ہیں جو ہر وادی میں گھومتے پھرتے ہیں اور جو کہتے ہیں کرتے نہیں!)

الغرض اردو میں ''کورٹلی لَو'' کے لیے کوئی اپنا مخصوص لفظ موجود نہیں۔ ہمارے یہاں ''محبت'' کو دیکھنے اور سمجھنے کا انداز مختلف ہے۔ ہم اسے ''عشقِ حقیقی'' اور ''عشقِ مجازی'' کے حساب سے سمجھتے ہیں، لیکن یہ تفریق مستعملہ زبان سے ظاہر نہیں ہوتی۔ دونوں طرح کے عشق کے لیے ایک سے لفظ استعمال ہوتے ہیں۔ (اور یہ ناگزیر بھی ہے، اس لیے کہ ہم الوہیت سے متعلق کسی بھی کیفیت کا اظہار صرف انسانی زبان میں ہی کر سکتے ہیں، اور ابن عربی نے تو یہاں تک کہہ دیا ہے کہ خدا کا مشاہدہ صرف مادے کی صورت میں ہی ممکن ہے۔) عشق کی یہ تقسیم بھی کوئی جوہری چیز نہیں، جہانِ زود گزر کے مظہری جبر میں اسے زندگی پوری کرنے کے واسطے زیادہ سے زیادہ ایک سہولت سمجھ لیں۔

بات کچھ زیادہ ہی الجھ گئی ہے۔ یوں سمجھیے کہ ''کورٹلی لَو'' کا کوئی مناسب اردو مترادف مجھے ملا نہیں۔ ''درباری عشق'' کہیں یا ''شائگانی عشق'' (جس کے لیے میں محمد سلیم الرحمٰن صاحب کا احسان مند ہوں)، اس سے کوئی ایسا پیکر متشکّل نہیں ہوتا جو ہماری ذہنی فضا کو اجنبی معلوم نہ ہو۔

پھر ایک دقت یہ بھی تھی کہ ''کورٹلی'' شاعری کے جو چند نمونے روجے بوواز نے اپنے اس مضمون میں دیے ہیں، اور

بعض دوسرے جو اور جگہوں پر میری نظر سے گزرے ہیں، ان کے مطالعے سے دو باتیں سامنے آتی ہیں جو ''کورٹلی لَو'' کی اصطلاح کو کچھ اور بھی الجھا دیتی ہیں۔ ایک تو یہی کہ اس اصطلاح میں ناگزیریت اور قطعیت کا فقدان ہے، کیوں کہ اس کا اطلاق ملوکیت، دربار، اور جاگیردارنہ نظام کی حدود کے باہر پائے جانے والے ''عشق'' پر بھی ہوسکتا ہے۔ دوسرے یہ کہ اس قسم کے عشق سے جو خصائص مراد لیے گئے ہیں ان میں باہمی توازن سے زیادہ تصادم کا احساس پایا جاتا ہے۔ جسمانی محبت سے گریز بھی ہے لیکن اس کا اظہار کیے بغیر چارہ بھی نہیں۔ اور اظہارِ گریز بھی ایسا جس میں خود را مبارک دادن کا انداز ہو، وہ ہمہ گیر سپردگی نہیں جو عشق کو ایسی سربلندی عطا کرتی ہو جہاں مادیت اور جسمانیت کا ذکر خود غیر ضروری ہو جائے۔ اس غیر قطعیت کا احساس خود مغرب میں بھی بہت سے محققوں کو رہا ہے۔

اسی طرح ایک اور لفظ "passion" ہے جس کے لیے مجھے اردو میں کوئی مناسب لفظ ابھی تک نہیں ملا ہے جو باقاعدگی سے ہر جگہ انگریزی کے متبادل کے طور پر کام آسکے۔ انگریزی میں "passionate love" کا فقرہ ذرا بھی نامانوس محسوس نہیں ہوتا، لیکن اسے اردو میں ادا کرنے کے لیے بڑی بڑی قلابازیاں کھانی پڑتی ہیں۔ میں نے غور کیا تو اندازہ ہوا کہ بعض اوقات ''پیشن'' خود ''عشق'' میں مقدراً موجود ہوتا ہے (خود بوواز نے ایک مقام پر ''عشق'' کے لیے "passionate love" استعمال کیا ہے)۔ مثلاً جس عشق میں خود ذات ہی کو فنا کر دینے کی تڑپ ہو، اس سے زیادہ "passionate" اور کون سا عشق ہوسکتا ہے، لیکن آپ ایسی محبت یا عشق کے بیان میں کسی کو ''پیشنیٹ'' کا اسم صفت استعمال کرتا ہوا نہیں پائیں گے۔

تو یہ ''کورٹلی لَو'' آخر ہے کیا؟ اس کے اجزائے ترکیبی کا بیان تو خود مضمون میں آگے آنے ہی والا ہے، سو یہاں اس کی تعریف و تحدید غیر ضروری ہوگی، مختصراً بس یوں سمجھیں کہ یہ وہی سب کچھ ہے جو ہمارے میؔر صاحب اِس بیتمیں کہہ گئے ہیں:

دور بیٹھا غبارِ میر اس سے
عشق بن یہ ادب نہیں آتا

کہہ تو گئے ہیں لیکن اس بلا کی شائستگی کے ساتھ کہ اس کی مثال کسی ''طـرَبیے'' کے یہاں بہ مشکل ہی نظر آئے گی۔ جس معجزاتی ضبطِ نفس اور ٹھہراو کے ساتھ یہ شعر کہا گیا ہے اس کی نظیر تو بہترین غزلیہ شاعری میں بھی کم ہی ملے گی۔

مضمون میں عربی شاعری اور نثر کے جو متون دیے گئے ہیں ان کے اردو ترجمے کی کامل صحت پر مجھے اعتماد نہیں ہے (لیکن یہ عربی اصل سے شاید بہت زیادہ دور بھی نہیں ہیں)۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ترجمہ انگریزی ترجمے سے ہوا ہے۔ پچھلے دنوں عربی فکشن کے انگریزی تراجم سے اردو میں ترجمہ کرتے وقت مجھے شدت سے یہ احساس ہوا کہ انگریزی مترجم کے لفظی انتخابات سے بعض اوقات ذہن بھٹک کر کسی اور طرف نکل جاتا ہے۔ عربی، فارسی اور اردو میں اسلامی تمدنی اور ثقافتی یگانگت اور مشارکت کے باعث اگر اردو ترجمے میں اصل عربی لفظ استعمال ہو جاتا، بہ شرطے کہ یہ اردو میں رائج بھی ہو، تو بیش تر موقعوں پر مطلب بہتر ادا ہوسکتا تھا۔ لیکن انگریزی لفظ سے اصل عربی لفظ کا سراغ لگا لینا اکثر خاصا دشوار ہوتا ہے۔

اس کی مثال کے لیے درد کا یہ شعر لیجیے:

وا کردیے ہیں شوق نے بندِ قبائے حسن
غیر از نگاہ اب کوئی حائل نہیں رہا

یہاں خواہش کا جو بے پناہ ترشح ہے، اس کی شدت، بے تابی اور التہاب، اور مضمون کی مناسبت سے جو دبی سی حسرت اور ناکامی کا احساس پیدا ہو گیا ہے، یہ سب صرف ایک لفظ (''شوق'') کا کرشمہ ہے۔ اب اس کے انگریزی ترجمے میں جو لفظ استعمال ہوگا اس کو سامنے رکھ کر، مثلاً، فارسی میں ترجمہ کرتے وقت ''شوق'' تک رسائی اتفاقی تو ہو سکتی ہے ناگزیر نہیں۔

میں نے کوشش ضرور کی کہ ان متون کی عربی اصل تک رسائی ہو جائے لیکن یہ اس وجہ سے اور مشکل ہو گیا کہ صاحبِ مضمون نے اصل عربی متن کہیں نہیں دیا ہے، صرف اس کے انگریزی یا کسی اور مغربی زبان میں ترجمے پر ہی اکتفا کی ہے۔

(یہ عجیب بات ہے کہ مثالی غیر جانب داری کے باوجود اکثر مغربی محقق ابھی تک موضوع کی وضاحت کے لیے متعلقہ اقتباسات خود ہماری زبانوں میں ذرا کم کم ہی دیتے ہیں اور صرف اپنی زبانوں میں ان کے تراجم سے ہی کام چلاتے ہیں، لیکن مغربی زبانوں کی بابت اس قسم کا طرزِ عمل اختیار کرنے کا خیال شاید انھیں کبھی بھول کر بھی نہ آئے۔)

روجے بوواز نے مضمون میں بعض موقعوں پر نظم و نثر کے اقتباسات کا ترجمہ نہیں دیا ہے، بل کہ انھیں ان کی اصل زبانوں میں رہنے دیا ہے۔ عربی اقتباسات کے سلسلے میں جہاں جہاں مجھے آسانی سے ان کے مآخذ مل گئے ہیں، جیسے ابن حزم کے، وہ میں نے اضافی حواشی میں اصل عربی میں نقل کردیے ہیں اور ان کے واسطے ''ابجدی'' ترتیب استعمال کی ہے تاکہ بوواز کے حواشی سے خلط ملط نہ ہو جائیں۔ باقی رہے دوسری زبانوں سے اقتباسات، تو ان کے لیے میں نے اپنے دوست اسٹیو ہچن سن (پروفیسر، شعبۂ ہسپانی و پرتگالی، یونی ورسٹی اوف وسکانسن) سے مدد لی ہے۔ انھوں نے ان کا ترجمہ انگریزی میں کر کے مجھے دیا اور یہ تنبیہ بھی کردی کہ یہ بڑی جلدی میں کیے گئے ہیں اور بس کام چلاؤ ہیں؛ ان میں نفاست اور روانی کی تلاش عبث ہوگی۔ اس تنبیہ کے پیش نظر میں نے انھیں اردو میں ترجمہ نہیں کیا۔ بہ ہر حال میں اس عنایت کے لیے اسٹیو کا بے حد شکرگزار ہوں، جنھوں نے بہت سے اسمائے معرفہ کے تلفظ وغیرہ کے سلسلے میں بھی میری بڑی مدد کی۔

میں نے مصنف کے حواشی اور فہرست کتب کو دانستہ انگریزی ہی میں رہنے دیا ہے۔ اس کی وجہ ظاہر ہے۔ ۔مترجم]

<mumemon@charter.net>

☆☆☆

روجے بوواز (Roger Boase)

یورپ کی عشقیہ شاعری پر عرب اثرات

دراساتِ قرونِ وسطیٰ کے علما (medievalists) ابھی تک اس امر کو تسلیم کرنے سے ہچکچاتے ہیں کہ قرونِ وسطیٰ کے یورپ پر عربی ثقافت کا اثر ونفوذ چند آسائشی اشیا کی تحصیل سے کہیں زیادہ رہا ہے۔ یہ ٹھیک ہے کہ یورپ عربوں کا اس اعتبار سے احسان مند ہونے کا اعتراف بلا پس وپیش کر لیتا ہے کہ یونانی فلسفے، طب اور ریاضی کی ترسیل میں ان کی حیثیت ایک بچولیے کی سی تھی، کیوں کہ اس قسم کے اعتراف سے یورپ کی ثقافتی تشخص کی رواجی اسطور کو کوئی گزند نہیں پہنچتی جس کی رو سے اس تشخص کی عقلی اور فنی بنیادیں یونانی-رومی تھیں اور عیسائی اخلاقیات میں شرابور۔ پھر خود ترسیل کو بھی اس طرح پیش کیا جاتا ہے جیسے یہ "دکان میں کسی چیز کی خرید کا معاملہ ہو۔"[۱] سو یہ باور کر لیا جاتا ہے کہ اس عمل میں عربوں کا کردار خالصتاً انفعالی رہا تھا۔ اس طرح "شائستگانی عشق" (courtly love) کی روایات کوئی ایسی شے معلوم ہوتی ہے جو جوہری طور پر یورپی ہو، کیوں کہ اس کا تعلق مہذب جماعت اور جاں بازی کے عیسائی آدرشوں کے قواعد وضوابط سے ہے—اور یوں مثالی عشق کے جدید تصور کی بنیاد عین یہی ہے۔ چناں چہ یہ خیال کہ ہو سکتا ہے اس کی نشو ونما دنیاے عرب سے روابط کا نتیجہ رہی ہو بیش تر اصحاب کو بعید از قیاس معلوم ہوگا۔ سو برس پہلے کوئی عالم اس قسم کے دعوے کی جرات بھی نہیں کر سکتا تھا۔ حقیقت یہ ہے کہ نوآبادیاتی دور کے بعد سے، جس کا آغاز عربوں کے حساب سے نپولین کی مصری مہم (۱۷۹۸-۱۸۰۱) سے ہوتا ہے، یورپ کی ثقافتی معاملات میں عربوں کی منت کشی کا ذکر انیس سو تیس کی دہائی تک، جب ہسپانیہ کے باہر لورینس ایکر (Lawrence Ecker)، آنری پے ریز (Henri Pérès)، ایمیل درمنگم (Emile Dermenghem)، اےوَریست لے وی پرووا ں سال (Evariste Lévi-Provençal)، اور اے۔ آر۔ نکل (A.R. Nykl) تحقیق کے میدان میں اتر آئے، تقریباً حرام ہو گیا تھا۔ خود ہسپانیہ میں بھی، جہاں خولیان ری بیرا ای ترّاگو (Julián Ribera y Tarragó)، می گیل آسین پلا سیوس (Miguel Asín Palacios) ایمی لیو گارسیا گومیس (Emilio García Gómez)، رامون مے نین دَس پی دال (Ramón Menéndez Pidal)، ایمیریکو کاسترو (Américo Castro) وغیرہ نے راہ نمائی کرنے والے ہراول دستے کا کام انجام دیا، وہاں ایسے لوگ بھی تھے، مثلاً کلاودیو سانچیس آل بورنوس (Claudio Sánchez-Albornoz) اور مارسے لینو مے نین دَس ای پلایو (Marcelino Menéndez y Pelayo)، جنھوں نے ہسپانیہ کے غالب نقائص،

خاص طور پر اس کے ''ثقافتی تاخر''،[۲] کا ذمے دار اسلام کی مضرت رساں اثر انگیزی کو قرار دیا جس کے نتیجے میں اس کا یورپی پن جاتا رہا تھا۔

دنی دُروژموں (Denis de Rougemont) نے — جو اپنے قدرے سنکی سے نظریے کہ لیے زیادہ مشہور ہے کہ شائگانی عشق بدعتی کتھار (Cathar) فضا کا زائیدہ تھا — ۱۹۵۶ میں *Passion and Society* کی اصلاح شدہ اشاعت میں یہ اعلان کیا کہ طَرَبیوں ("troubadours") پر ''اندلسی اثر و نفوذ'' کا ثبوت تلاش کرتے پھرنا اب بالکل غیر ضروری ہے، کیوں کہ جہاں تک اس کا تعلق ہے، تو یہ صاف ظاہر ہی ہے:

> اور میں عربوں اور پراوینسیوں (Provençals) کے اقتباسات سے صفحے کے صفحے پُر کرسکتا ہوں جن کی بابت ''ہمیں جدا کرنے والی خلیج'' کے ہمارے عظیم ماہرین کے لیے یہ قیاس کرنا ناممکن ہو جائے گا کہ یہ پائرینیز کے شمال میں لکھے گئے تھے یا جنوب میں۔ یہ معاملہ بالکل طے ہو چکا ہے۔[۳]

لیکن بدقسمتی سے یہ معاملہ طے ہونے سے کوسوں دور ہے، اور عربی اور پراوینسی (Provençal) شاعری کا رشتہ اس سے کہیں زیادہ پیچیدہ ہے جو دروژموں ہمیں باور کرانا چاہتا ہے۔ اس ''خلیج'' والے نظریے کے جو دو ماہرین اُس کی نظر میں تھے (اور جن کا وہ اسی پارے میں ذکر کرتا ہے) وہ انیسویں صدی کے عالم ارینیست رُناں (Ernest Renan) اور رائن ہارت دوزی (Reinhardt Dozy) ہیں۔ یوں معلوم ہوتا ہے کہ جدید محققین کے لیے اِن دو مستشرقوں کے صادر کردہ منفی فیصلے کو مسترد کرنا ابھی تک مشکل ہو رہا ہے۔

یہ مان لینے کے بعد کہ قشتالی (Castilian) اور پرتگالی ہی تنہا ایسی رومانی (Romance) زبانیں نہیں ہیں جن میں عربی سے مستعار الفاظ کثرت سے پائے جاتے ہیں، رُناں رقم طراز ہے:

> جہاں تک ادبی اور اخلاقی اثرات کا تعلق ہے، تو انھیں بہت بڑھا چڑھا کر پیش کیا گیا ہے۔ پراوینسی شاعری ہو یا شہامت (chivalry)، یہ دونوں کسی اعتبار سے بھی مسلمانوں کی رہین منت نہیں۔ ایک خلیج ہے جو رومانی شاعری کی ہیئت اور روح کو عربی شاعری کی ہیئت اور روح سے جدا کرتی ہے۔ اس کا کوئی ثبوت نہیں کہ عیسائی شعرا کو عربی شاعری کے وجود کا علم تھا، سو یہ دعویٰ کیا جا سکتا ہے کہ اگر [بہ فرض محال] انھیں یہ علم رہا بھی ہو، تو بھی اس کی زبان اور روح کو سمجھنا ان کی بساط سے باہر تھا۔[٤]

اور اس معاملے میں دوزی کی رائے تو اور بھی زیادہ شدید تھی:

جہاں تک پراوینسی شاعری پر عربی شاعری کے بہ راہ راست اثر کا تعلق ہے، یا عام طور پر رومانی شاعری پر، تو نہ یہ بات ثابت ہے نہ [کبھی] ہوگی۔ ہم اس سوال کو بالکل فضول سمجھتے ہیں؛ ہم یہ نہیں چاہیں گے کہ اس پر دوبارہ کبھی بحث کی جائے، اگرچہ ہمیں یقین ہے کہ ایک زمانے تک اس پر ابھی اور بحث ہوتی رہے گی۔ ہر شخص کا اپنا اپنا ایک الگ مرغوب مشغلہ ہوتا ہے۔[۵]

دوزی کے یہ سنگین الفاظ "on ne l'a prouvée et on ne la prouvera pas" (''نہ یہ بات ثابت ہے نہ [کبھی] ہوگی'') خود اُس میں تنقیدی غیر جانب داری کے فقدان کی بالکل صاف چغلی کھا رہے ہیں۔ مسلم ہسپانیہ کے ایک ممتاز مورخ سے ایسی بے جا طرف داری کی توقع نہیں کی جاسکتی۔ ان الفاظ کا لب ولہجہ مجھے آلفرید ژاں روا (Alfred Jeanroy) کا وہ ردعمل یاد دلا دیتا ہے جو اس نے (۱۹۲۸ میں کی گئی) خولیان ری بیرا کی اس تجویز پر ظاہر کیا تھا کہ ہوسکتا ہے لفظ *trobar* کا ماخذ عربی کا فعل طَـرَبَ ہو، جس کے معنی ہوتے ہیں ''گانا،'' ''موسیقی نواز ہونا،'' ''شادی یا غم سے متاثر ہونا،'' ''فرحت وشادمانی سے بھر جانا'': ''ری بیرا نے الفاظ (*troubadour*)... سے جو مشتقات منسوب کیے ہیں وہ کسی کو بھی قائل نہیں کرسکیں گے۔''[۶]

سامیول اسٹرن (Samuel Stern) نے ۱۹۶٤ میں جو مقالہ اسپولیتو (Spoleto) میں پیش کیا تھا اس میں دوزی کی ان سطور کو جن کا میں نے ابھی ابھی حوالہ دیا ہے استحسان کے ساتھ نقل کیا تھا۔ خود اس کا فیصلہ بھی اس سے بہت ملتا جلتا تھا:

> کہ طَـرَبیوں کا عربی شاعری سے بہ راہ راست رابطہ نہ رہا ہوگا ٹھیک اس ناقابل تردید حقیقت کا نتیجہ تھا کہ وہ اس سے اتنی اچھی طرح واقف نہیں تھے اور نہ ہوسکتے تھے... میرے غور وفکر کے انداز کے مطابق، اور اس کی قدر وقیمت کسی اور کی رائے سے زیادہ نہیں، اس بات پر بالکل شک کیا جاسکتا ہے کہ طَـــرَبیــوں کی شاعری کا کوئی ایک عنصر بھی عربی شاعری کے اثر کا نتیجہ تھا۔[۷]

ہم کیسے قطعی یقین کرسکتے ہیں کہ طَرَبیے عربی سے بالکل ناواقف تھے؟ اور یہ یقین کیسے کیا جاسکتا ہے کہ اگر انھوں نے کسی نغمے کی موسیقی اور اس کے آہنگ وقوافی کی حلاوت کو دل نشیں پایا ہوگا تو اس کا کچا پکا سا ترجمہ حاصل نہ کرلیا ہوگا؟ اگرچہ اسٹرن اس سے انکار نہیں کرتا کہ ''طَـــرَبیــوں کے تصورِ عشق اور عربی ادب میں اظہار پانے والے بعض تصورات میں مشابہت پائی جاتی ہے،'' تاہم وہ یہ بھی تجویز کرتا ہے کہ ''ان مشابہتوں کی توجیہہ متوازی خطوط پر رونما ہونے والے مظاہر کے طور پر ہی کی جانی چاہیے جو کسی جینی (genetic) رشتے میں منسلک نہیں تھے۔''[۸]

۱۹۷۶ میں ایک کانفرنس کے دوران میں نے ایک امریکی استاد سے رازدارانہ طور پر کہا کہ میں ''اَمور کورتوا'' (*amour*

(courtois یعنی ''شائگانی عشق'' سے متعلق محققین کے نظریات پر تحقیق کر رہا ہوں اور اس کے عربی الاصل ہونے کے نظریے کی جانب خود کو مائل پاتا ہوں، تو انھوں نے بڑی شد و مد کے ساتھ اسے ناقابل توجہ قرار دے دیا تھا: ''میں تو سمجھتا تھا کہ ساموئیل اسٹرن نے اس نظریے کو بالآخر غلط ثابت کر دیا ہے۔'' خوش قسمتی سے اس بات سے میری حوصلہ شکنی نہیں ہوئی اور میں اپنی جگہ پر ڈٹا رہا: جس چیز کو میں ''شائگانی عشق'' سے متعلق تحقیق کہتا ہوں اس کا تاریخ وار گوشوارہ مکمل کر لینے کے باعث مجھے یہ معلوم ہو گیا تھا کہ ادبی اور ثقافتی تاریخ میں جامد مطلقات کا وجود نہیں ہوتا؛ زمانے کے مزاج کے ساتھ ساتھ نظریے بدلتے رہتے ہیں اور جو محقق اور عالم غیر جانب دار ہونے کا سب سے بڑا دعوے دار ہوتا ہے، اکثر سب سے زیادہ متعصب نکلتا ہے۔ برسبیل تذکرہ، اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ میں اس پوری کوشش کو شروع ہی سے تباہی کا فتوا سنائے دے رہا ہوں۔ مریا روسا مینوکال (María Rosa Menocal) یقیناً یہ کنایہ کرتے وقت کچھ ضرورت سے زیادہ کسرنفسی کا مظاہرہ کر رہی ہیں کہ یورپی ثقافت کے مخلوط حسب نسب کی بابت ان کا متبادل تصور محض ایک اسطور ہے جس کے ذریعے رائج اساطیر میں ردوبدل کیا جا سکتا ہے۔[۹]

خود میری دریافتوں اور شواہد کی جانچ پڑتال کی بنیاد پر میرا خیال اب بھی یہی ہے کہ ''شائگانی عشق'' کی تعریف اس طرح کی جانی چاہیے کہ یہ ''ایک جامع مظہر ہے ... جو ہسپانوی-عربی اثرات کی زد میں آئے ہوئے عیسائی اشرافی ماحول میں نمودار ہوا۔''[۱۰] اگرچہ خود طَــــــرَبیـــــے مختلف اصطلاحیں استعمال کرتے تھے، جیسے ''شائستہ عشق'' (*fin'amors*)، ''اعلیٰ عشق'' (bon'amors)، اور ''سچا عشق'' (*verai'amors*) (اور اس سے ملتی جلتی اصطلاحات دوسری رومانی زبانوں میں بھی پائی جاتی ہیں)، ''شائگانی عشق''، عشق کے ایک ایسے تصور کا موزوں بیان ہے جو بارھویں صدی سے نشاۃِ ثانیہ تک کے یورپی ادب کی روایت میں موج زن ہے، اس طرح کہ توسیعاً اس اصطلاح کا اطلاق اس ادب پر کیا جا سکتا ہے۔[۱۱] خواہ اسے سنجیدگی سے برتا جائے یا طنزیہ اور ہجویہ طور پر، یہ ادبی یا شاعرانہ روش، جسے یورپ میں پراونیسی طَــرَبیـوں نے فروغ دیا، قرونِ وسطیٰ کے اہم شاعروں اور فکشن نگاروں میں سے بیش تر کے یہاں — بہ شمول بیرنارت دُونتادورن (Bernart de Ventadorn)، گی یوم دُ لوریس (Guillaume de Lorris)، کرے تیاں دُ تروا (Chrétien de Troyes)، ہائن ریخ فون مورونگن (Heinrich von Morungen)، وولفرَم فون ایشن باخ، (Wolfram von Eschenbach)، گوت فرید فون اسٹراس بورگ (Gottfried von Strassbug)، کوال کانتی (Cavalcanti)، دانتے (Dante)، پیترارکا (Petrarch)، اوسیاس مارک (Ausias March)، جون گاور (John Gower)، میلری (Malory)، مری دُ فرانس (Marie de France)، شارل دُرلے یاں (Charles d'Oreléans)، سانتیانا (Santillana)، دِیے گو سان پیدرو (Diego de San Pedro)، اور فیرناندو دِرخاس (Feernando de Rojas) — بالکل صاف نظر آتی ہے۔ اور نشاۃِ ثانیہ کے جِیل وِسنتے (Gil Vicente) اور

گارسی لاسو(Garcilaso) جیسے ادیبوں کے یہاں تو یہ مرکزی اہمیت کی حامل ہے۔

اس تصورِعشق کی خصوصیات محبوب کی حاکمیت، عاشق کی وفاداری اور اطاعت شعاری، رازداری، عشق اور شعر کا لازم و ملزوم ہونا، عشق کی شرف بخش لیکن ممکنہ تباہ کن قدرت ہیں۔ محبوب کو کسی جاگیردار کی سی بالادستی یا کسی دیوی کی سی کاملیت ودیعت کی جاتی تھی۔ عاشق نہایت عاجزی سے محبوب کی خدمت گزاری کا عہد کرتا، یوں گویا کوئی ماتحت یا غلام ہو، اور اس کی خاطر جو کارہائے نمایاں انجام دیے ہوں ان کے صلے میں قبولیت کے ادنیٰ سے اشارے سے زیادہ کا طلب گار نہ ہو۔ چوں کہ جذبات کے کھلم کھلا اظہار میں خاتونِ محترم کے ناموس پر حرف آنے کا خطرہ تھا، خاص طور پر اگر وہ شادی شدہ ہوں، پردہ پوشی ایک بنیادی ضابطہ سمجھی جاتی تھی اور ایسی کسی بھی جنسی نوازش کی شرط جو وہ عطا کرنے پر رضامند ہوتیں۔ اس سے واضح ہو جاتا ہے کہ شاعر کے لیے کیوں کسی فرضی نام یا سنیال (*senhal*) کے عقب میں اپنی معشوق کی شناخت کی پردہ پوشی ایک رواج بن گئی تھی۔ اپنے آپ کو محبوب کے شایان بنانے کی جدوجہد میں عاشق متعدد اخلاقی، شائگانی اور شہامتی کمالات حاصل کر لیتا ہے۔ اگر محبوب تک رسائی بہ آسانی ہو سکتی تو محبت جاں کاہ اور توقیر بخش نہ رہتی؛ تاہم دوسری جانب، اگر محبوب، حسین خاتون جو ستم شعار و جور آشنا (*belle dame sans mercy*) کے مثالی نمونے کی تجسیم ہو تو عشق کی روایتی علامات—— بے خوابی، لاغری، رعشہ، بے ہوشی اور زردی—— بگڑ کر ایک نوع کے مَلَخولیا [خفقان] کو جا پہنچیں جو آخرالامر موت تک لے آئے۔ اس تصورِعشق کی داغ بیل چوں کہ شہوانی خواہش اور شدید روحانی تمنا کی ڈانواڈول ہم زیستی پر پڑی تھی، یہ جبلی طور پر ایک قولِ محال تھا۔ بہ قول ایف۔ ایکس۔ نیومن (F.X. Newman)، یہ ''ایسی محبت تھی جو بہ یک وقت غیر مشروع بھی تھی اور اخلاقی اعتبار سے رفعت بخش بھی، ہیجانی بھی اور نفس پر قابو رکھنے والی بھی، حقارت آمیز بھی اور اعزاز بخش بھی، انسانی بھی اور ماورائی بھی۔''[۱۲]

جاگیرداری سے مماثلت کو چھوڑ کر بقیہ سارے اوصاف جو میں نے ابھی اوپر بیان کیے ہیں ان کی بنیاد عربی شاعری کی پاک و صاف محبت، الحُبّ العُذرِی، کی روایت ہے جس کے آثار پہلی/ساتویں صدی کے قبیلے بنوعذرہ کی شاعری میں تلاش کیے جا سکتے ہیں، جو بے اجر محبت کے شہیدوں کے لیے مشہور تھا، اور خاص طور پر جمیل ابن معمر العذری (وفات: ۸۲/۷۰۱) کی شاعری میں جو بثینہ سے اپنی محبت کے باعث ''جمیل بثینہ'' کے نام سے بہتر پہچانا جاتا ہے۔ یہ روایت بہت سے رسائل میں بحث کا موضوع بنی اور واضح طور پر منضبط ہوئی، جن میں سب سے زیادہ مشہور دوسری/نویں صدی کے اواخر کے بغداد میں لکھی جانے والی محمد ابن داؤد الاصفہانی (۲۵۵/۸۶۸ تا ۲۹۷/۹۱۰) کی تصنیف ''كتاب الزهرة''[۱۳] اور اندازاً ۴۱۲/۱۰۲۲ کے قرطبہ میں لکھی جانے والی احمد ابن سعید ابن حزم (۳۸۳/۹۹۳ تا ۴۵۶/۱۰۶۴) کی کتاب ''طوق الحمامة''[۱۴] ہیں۔ ہم یہ نتیجہ نکال سکتے ہیں کہ روحانیت زدہ دنیوی عشق کی یہ متناقض روایت موسیقاروں، گانے والیوں، اسیروں اور غلاموں

نے مسلم ہسپانیہ سے جنوبی فرانس میں درآمد کی ہوگی۔ اس میں کیا شک ہے کہ مشرق اور مغرب کے درمیان رابطے کا ایک اور وسیلہ سِسلی (Sicily) کی نورمن بادشاہت بھی تھی۔ لیکن صرف یہ ثابت کرنا ہی ضروری نہیں کہ عربی شاعری اور ریا عشق سے متعلق رسائل پراوینسی طَـرَبیـوں کی دست رس میں تھے؛ بل کہ یہ ثابت کرنا بھی ضروری ہے کہ یہ شک وشبہے سے پاک مطابقتیں جو عشق کے ان دو تصورات میں ملتی ہیں، ان کی توجیہہ اتفاقات یا مخلوط النسلی (polygenesis) کے ذریعے نہیں کی جاسکتی، اور ایسا کرنے کے لیے ثقافتی تبادلے یا ترسیل کی ادبی شہادت پیش کرنا ناگزیر ہوگا۔ جو وزنی اعتراضات کیے گئے ہیں ان کا باضابطہ جواب کبھی نہیں دیا گیا ہے۔

پیٹر درونکے (Peter Dronke) کے خیال میں، جو اسپولیتو میں اسٹرن کے مقالے پر ہونے والی بحث میں شریک تھا، پراوینسی اور عربی عشقیہ شاعری کی مناسبتیں اتفاقی ہیں۔ یہی مفروضہ اس کی *Medieval Latin and the Rise of European Love-Lyric* [۱۵] کی تہ میں بھی کارفرما ہے۔ اس اثر انگیز تصنیف میں — جس کی ابتدا عشقیہ نغموں کے اس قدیم ترین مجموعے سے ہوتی ہے جو ماقبل مسیح کے دوسرے الفیے میں مصر میں مرتب ہوا تھا، اور جس میں آئس لینڈی، بازنطینی، جورجین، عربی اور مستعربی (Mozarabic) شاعری کے نمونے بھی شامل ہیں — یہ تجویز پیش کی گئی ہے کہ ''شائگانی عشق'' (*amour courtois*) جو بہ ظاہر یہاں اُس تجربے یا حسیّت کے متبادل کے طور پر استعمال ہوا ہے جو یورپی عشقیہ شعر (love-lyric) کے ابداع کا سبب بنا، تو اس کے ظہور کا امکان سارے عالم میں پایا جاتا ہے اور ''کسی بھی وقت اور جگہ'' رونما ہوسکتا ہے (صفحہ ix)۔ اس اندازِ نظر پر تین بنیادی اعتراض وارد ہوتے ہیں: پہلے تو یہی کہ یہ پراوینسی طَــرَبیــوں کی شاعری کے انوکھے پن کی قدر و قیمت گھٹا دیتا ہے، اسلوب اور مظروف دونوں اعتبارات سے، اور اس غیر معمولی اثر آفرینی کی قدر و قیمت بھی جو اس شاعری کو یورپی ادب اور سماجی طور و طریق پر حاصل تھی؛ دوسرے یہ کہ یہ قرونِ وسطیٰ کی مرکزی ادبی روایت کو بے نام چھوڑ دیتا ہے: ''شائگانی عشق''، بہ ہر حال، ایک تنقیدی تصور ہے، جو صرف ایک انفرادی تجربے کی تحدید ہی نہیں کرتا، بل کہ ایک ادبی صنف کے مظروف اور ایک عام ثقافتی مظہر کی بھی؛ تیسرے یہ کہ بارھویں صدی سے پہلے، صرف عربی شاعری، یا عربی تغزّلی روایت سے متاثرہ شاعری میں ہی ''شائگانی عشق'' کے تمام خصائص پائے جاتے ہیں جن کی فہرست میں نے اوپر پیش کردی ہے۔ ظاہر ہے کورتیس (Curtius) کی طرح اس قسم کا دعویٰ کرنا کہ ''عشق کا ہیجان اور حرمان فرانسیسی طَـرَبیوں اور ان کے جانشینوں کی جذباتی دریافت تھے'' [۱۶] اتنا ہی غلو آمیز ہے جتنا سی۔ ایس۔ لوئس (C.S. Lewis) کا بیان کہ ''اِس انقلاب کے مقابلے میں نشأۃِ ثانیہ ادب کی سطح پر محض ایک ننھی سی لہر'' [۱۷] ہے۔ اس کے باوجود وہ انداز یقیناً انقلابی تھا جس میں طَـرَبیـوں نے عشق کی بابت سخن گوئی کی اور، ساتھ ہی ساتھ، یہ فیصلہ بھی کہ یہ سخن گوئی محلی زبان (vernacular) میں ہو۔

جیسا کہ ماریوا ے کوئی کولا (Mario Equicola) پندرھویں صدی کے آخر میں لکھتا ہے،'' جس انداز میں انھوں نے اپنی محبت کو بیان کیا وہ نیا بھی تھا اور قدیم لاطینی مصنفین کے انداز سے کافی مختلف بھی؛ ان کا شعر کھلم کھلا ہوتا، احترام سے عاری، تعظیم سے خالی، اور اپنی شریف خواتین کی بے عزتی کرنے کے معاملے میں بے باک۔''[18] آلاں ایم۔ بوواز (Alan M. Boase) نے فرانسیسی شاعری کی جو کشکول (anthology) مرتب کی ہے اس کی پہلی جلد کے دیباچے میں اس نکتے کا بڑے سلیقے سے ذکر کیا ہے:

> چینیوں کی طرح یونانی اور رومی بھی عام طور پر عشق کو، ٹھیک جس وقت یہ اس حسی لطف اندوزی کی حدود سے تجاوز کرنے لگتا جسے اس کا فطری اظہار تصور کیا جاتا تھا، ایک روگ گردانتے تھے۔ یہ رویہ گرمی عشق کے حق میں اس تقریباً مرضیاتی جنسی آوارگی سے کہیں زیادہ مضرت رساں ہے جو قرون اولیٰ کے پادریوں کی عیسائیت تھی۔[19]

اس نے یہ بھی لکھا:

> اس میں کوئی شک نہیں ...کہ ان شعرا [یعنی طَـرَبیـوں] کے عرب پیش رونویں صدی کے اندلس اور ''طـوق الـحـمـامـۃ'' والے عظیم ابن حزم کے یہاں ملیں گے — جو، سرے راہے، اپنے افلاطون کو اس وقت کما حقہ جانتا تھا جب یہ فیلسوف عیسائی مغرب کے لیے ایک نام سے زیادہ نہیں تھا۔[20]

گو میں درونکے سے اتفاق کرتا ہوں کہ یورپی عشقیہ نظم (lyric) ایسا باغ ہے جس کی گھتم گتھا جڑوں کو شاذونادر ہی ایک دوسرے سے علاحدہ کیا جاسکتا ہے اور یہ کہ '' پھولوں کی نشوونما کا مشاہدہ کہیں زیادہ اہم ہے،''[21] ہم پھولوں کو اس وقت تک نہیں سراہ سکتے جب تک ان کا مقابلہ کر کے نہ دیکھیں اور، جہاں تک میرے علم میں ہے، ابھی تک کسی عالم نے بھی یورپی اور عربی شاعری کا تسلی بخش تقابلی مطالعہ نہیں کیا ہے۔ اس قسم کے مطالعے کو ہاتھ میں نہ لینے کی بعض وجوہ کی جانب میں اشارہ کر چکا ہوں۔ اولین ضرورت مناسب منہاجیاتی ضابطے کی تشکیل ہے، اس طرح کہ ثقافتی انتقال و ترسیل سے متعلق جو نظری کام ہوا ہے، خاص طور پر نورمن ڈینیل (Norman Daniel)[22] کا کام، وہ ذہن میں رہے۔ اس قسم کے مطالعے کے پانچ حصے ہوسکتے ہیں: پہلے حصے کا تعلق عیسائی یورپ اور عرب-اسلامی تہذیب کے درمیان ثقافتی روابط کے شواہد اور ترسیل کی ممکنہ راہوں (یعنی مسلمان ہسپانیہ اور سِسلی) سے ہونا چاہیے؛ دوسرے کا موسیقی کے نظریے اور عمل سے؛ تیسرے کا ہیئتی اور اسلوبی عناصر سے؛ چوتھے کا عام موضوعات اور مخصوص بنیادی خیالات سے؛ پانچویں کا فلسفیانہ تصورات یا نظریات کی اثر

انگیزی سے، جیسے افلاطونیت (Platonism)، تصوف یا عشق کی زائیدہ افسردگی کا طبی بیان۔ مجھے پورا یقین ہے کہ اگر یہ تحقیق خاطر خواہ طریقے پر کی جائے تو ایل۔ ٹی۔ ٹوپس فیلڈ (L.T. Topsfield) جیسے محقق کے لیے یہ اور ممکن نہ رہے گا کہ *Troubadours and Love* کے عنوان سے کتاب لکھے جس میں ابن حزم کا صرف ایک عدد مختصر سا حوالہ اور مفروضہ اور بے نام ہسپانو-عربی مآخذ[۲۳] کے چار عدد محتاط یک سطری حوالے ہی شامل ہوں۔

موجودہ مقالے کی گنجائش کو دیکھتے ہوئے میں اتنا ہی کرسکتا ہوں کہ پہلے اور چوتھے حصے کے واسطے کچھ مواد پیش کردوں۔ میں ترسیل کی ممکنہ راہوں کی بابت چند حقائق کا ذکر کروں گا اور اقتباسات کے ذریعے عربی اور یورپی عشقیہ شاعری میں بعض موضوعاتی مطابقتوں کی طرف توجہ دلاؤں گا۔ بعض مطابقتیں عام نوع کی ہیں؛ بعض دوسری بے حد تخصیصی اور یہ دلالت کرتی ہوئی نظر آتی ہیں کہ فرانس اور ہسپانیہ کے شاعر ابن حزم کی ''طوق الحمامة'' کے بعض حصوں سے مانوس تھے۔ سب سے پہلے میں گیارہویں صدی کے اواخر میں طاقت کے بدلتے ہوئے توازن کا ذکر کروں گا؛ اس کے بعد نوار (Navarre) اور قرطبہ کی خلافت کے درمیان سفارتی اور فوجی روابط پر بحث؛ تیسرے نمبر پر میں اس کردار کی اہمیت پر زور دوں گا جو عرب سفارتی شعرا نے انجام دیا تھا؛ چوتھے نمبر پر قشتالیہ (Castile) اور اشبیلیہ (Seville) کی بادشاہت کے باہمی تعلقات کا ذکر ہوگا؛ اور آخراً، بارباسترو نامی اَرَگونی قلعے پر قبضے کی اہمیت اور جنوبی فرانس کے درباروں میں عرب گانے والیوں کی اثر اندازی پر غور و فکر کیا جائے گا۔

یوں تو جزیرہ نمائے آئبیریہ میں، کم از کم دسویں صدی اور اس کے مابعد، عربوں اور عیسائیوں کے درمیان میل جول کے متعدد مواقع، جیسے جنگ، تجارت، سفارت، آپس میں شادیاں اور مہاجرت، آتے رہے تھے، لیکن سیاسی اور اقتصادی تبدیلیوں کے باعث گیارہویں صدی اور بارہویں کے اوائل میں عیسائی یورپ اور دار الاسلام کے مابین روابط کی نئی نئی راہیں کھل گئی تھیں۔ چند کلیدی تاریخیں یہ ہیں: ۴۵۷/ ۱۰۶۴، فرانسیسی مبارزوں [نائٹس] کے ہاتھوں بارباسترو قلعے کی تاراجی؛ ۴۷۸/ ۱۰۸۵، الفونسو ششم (Alfonso VI) کے ہاتھوں طلیطلہ پر قبضہ؛ ۴۸۴/ ۱۰۹۱، اشبیلیہ کے شاعر حکمراں المعتمد [ابن عبّاد] کی بربر متقی یوسف ابن تاشفین کے ہاتھوں شکست، جس کے ساتھ ساتھ ملوك الطوائف کا دور ختم ہوا اور المرابطون کے دور کا آغاز؛ ۴۸۴/ ۱۰۹۱، نورمنوں کے ہاتھوں فتحِ سِسلی کی تکمیل؛ ۱۰۹۶-۹۹، پہلی صلیبی جنگ؛ ۱۱۱۲، رمون بیرینگیر چہارم (RamonBerenguerIV) کے تحت پرووانس (Provence) اور کَتلوُنیا (Catalonia) کا اتحاد؛ ۵۱۲/ ۱۱۱۸، اَرَگون کے الفونسو اول کے ہاتھوں سرقسطہ (Saragossa) کی فتح۔ بحر المتوسط کے ایک سرے سے دوسرے سرے تک یعنی فلسطین، شام، سِسلی اور ہسپانیہ میں مسیحی عالَم کا فروغ۔ اندلس کی چھوٹی چھوٹی خودمختار ریاستیں اپنی اندرونی ستیزہ کاریوں سے اتنی کم زور ہو چکی تھیں کہ انھوں نے قطعی مایوسی کے عالم میں مراکش کے بربر الموحدین سے

مداخلت کرنے کی گزارش کی؛ بعدازاں، بڑی تاخیر سے یہ جان کر کہ ابن تاشفین کے عزائم کچھ اور ہیں، انھوں نے مدد کے لیے عیسائیوں کا بے سود رخ کیا۔ جہاں چوتھی/دسویں صدی میں شمالی ہسپانیہ کی عیسائی ریاستیں قرطبہ کی خلافت کے زیر سایہ زندگی کرتی تھیں، وہاں اب صورت حال بالکل پلٹا کھا چکی تھی: مسلمان ریاستیں اپنی بقا کی خاطر عیسائی بادشاہوں کی باج گزار بن رہی تھیں۔ طاقت کے توازن کی اس تبدیلی کے نتیجے میں عرب ثقافت کے ان پہلوؤں کی نقالی کرنے کے لیے زیادہ آمادگی (اور ساتھ ساتھ زیادہ مواقع بھی) پیدا ہوگئے تھے جنھیں اب تک ضعف کارانہ اور زنانہ تصور کیا جاتا رہا تھا۔ سو عرب ثقافت کی نفاست کی پذیرائی کے معاملے میں اگر جنوبی فرانس قشتالیہ کے مقابلے میں، جسے عسکری اعتبار سے مسلسل چوکنا رہنا پڑتا تھا، زیادہ پیش پیش تھا،[24] تو یہ بات سمجھ میں آتی ہے۔ یورپ کو اپنی ثقافتی کم تری کا جو احساس لاحق تھا، خاص طور پر عشق اور شادی بیاہ کے معاملات میں، وہ صلاح الدین کی پرووانس کے کاؤنٹ کو نصیحت کی اس کہانی سے صاف ظاہر ہے جسے خوان مانویل (Juan Manuel) نے *El Conde Lucanor*[25] میں بیان کیا ہے۔

اس دریافت پر تعجب ہوتا ہے کہ تیسری/نویں صدی کے اختتام سے نوار کی بادشات اور قرطبہ کی خلافت کے درمیان ایک مخصوص تعلق پیدا ہوگیا تھا۔ امیر عبدالرحمٰن دوم (حکومت: ۸۲۲/۲۰۶ تا ۸۵۲/۲۳۸)، جس نے ۸۴۳/۲۲۸ میں بادشاہ اے نیکو (Enneco) اور اس کے بنوقسی حلیفوں کو شکست دی تھی، نوار کی ایک '' قلم '' نامی مغنیہ کا مالک تھا جس نے نغمہ سرائی، رقص، اور شعر حفظ کرنے کی تعلیم وتربیت مدینے میں حاصل کی تھی اور خطاطی میں بھی مہارت رکھتی تھی۔[26] یہ خلیفہ، جو اپنے دربار کو ہارون الرشید اور مامون کے بغداد کا حریف بنانا چاہتا تھا، اپنے بیٹے عبداللہ کی ماں طرُوب کے عشق میں اس درجہ غرق تھا کہ اس کے تمام نازنخرے اٹھانے کے لیے تیار تھا، حال آں کہ ایک بار اسی طروب نے اسے زہر دینے کی کوشش کی تھی۔[27] اس کے باپ الحکم اول نے، جو بہتر شاعر تھا، کئی ایسی نظمیں کہی ہیں جن میں وہ خود کو محبت کے غلام اور اسیر کے طور پر بیان کرتا ہے۔ کہتا ہے کہ '' آدمِ حُرّ کو تابع داری اس وقت خوش آتی ہے جب وہ غلامِ عشق ہو۔''[28] ظالم و جابر عبد اللہ نے (حکومت: ۸۸۸/۲۷۵ تا ۹۱۲/۳۰۰)، جو خود بھی شاعر تھا، نوار کی ایک شہ زادی اونیکا (Onneca) یا ای نیے گا (Iñiga) سے شادی کی تھی، جس کے باپ فورتون گارسیس اوف پام پلونا (Fortun Garcés of Pamplona) (حکومت: اندازاً ۸۸۲-۹۰۵) نے یرغمال کی حیثیت سے دو دہائیاں قرطبہ میں گزاری تھیں۔ اونیکا کے بیٹے محمد نے ایک عیسائی لڑکی بہ نام مریّا سے ۸۸۸/۲۷۵ اور ۸۹۰/۲۷۷ کے درمیان شادی رچائی تھی، اور یہ روشن خیال حکم راں عبد الرحمٰن سوم (حکومت: ۹۲۹/۳۰۰ تا ۹۶۱/۳۵۰) کی ماں تھی۔[29] اس سے واضح ہو جاتا ہے کہ جب ۹۲۵ میں سانچو

گارسیس (Sancho Garcés) (حکومت: ۹۰۵ تا ۹۲۵) کا انتقال ہوا تو اس وقت نوار کی نائبِ سلطنت ملکہ تودا (Toda) یا تیودا (Theuda) نے اپنی قلم رو عبد الرحمٰن سوم کی حفاظت میں سونپ دی تھی۔[۳۰] اس کے بیٹے الحکم دوم (حکومت: ۳۵۰/۹۶۱ تا ۳۶۶/۹۷۶) نے بھی، جس کا کتب خانہ دستاویزی شہادت کے مطابق چار لاکھ جلدوں پر مشتمل تھا، اپنے پیش روؤں کی روایت کے اتباع میں نوارہی کی ایک اَورورا (Aurora) یا ''صبح'' نام کی لڑکی سے شادی کی تھی۔ یہ ہشام دوم کی ماں بنی۔ ابن حزم کے مطابق، الحکم اس کی محبت میں بالکل اندھا ہو گیا تھا۔[۳۱] قرطبہ کے خلفا کی، خاص طور عبد الرحمٰن سوم کے دورِ حکومت سے، زردی مائل سنہری رنگ کے بالوں والی لڑکیوں کے حق میں ترجیح پر تبصرہ کرتے ہوئے ابن حزم کہتا ہے کہ اسی کے نتیجے میں بہت سے خلفا کا رنگ صاف اور آنکھیں نیلی تھیں۔ اسی دور میں لے یون (Léon) اور قرطبہ کے درمیان قریبی روابط بھی تھے۔ الحکم کی فوج نے ۳۵۳/۹۶۴ میں سانچو اول [معروف بہ] ''موٹو'' کو لے یون کے تخت پر بحال کر دیا تھا، اور یہ اس کے موٹاپے کے علاج کے بعد جو خلیفہ کے طبیب کے ہاتھوں عمل میں آیا۔ اور اب اوردونیو چہارم (Ordoño IV) کی گھٹنے ٹیک کر مدد مانگنے کی باری آئی۔[۳۲] نوار کے ایک اور بادشاہ سانچو گارسیس دوم (حکومت: ۹۷۱-۹۹٤) نے المنصور (حکومت، اندازاً، ۳۷۰/۹۸۰-۳۹۲/۱۰۰۲) کو، جو بہ زعمِ خود حکم راں بن بیٹھا تھا، اپنی بیٹی شادی کے لیے پیش کی، جو بعد میں تبدیلیِ مذہب کر کے بڑی جوشیلی مسلمان بن گئی۔ ۳۸۳/۹۹۳ میں لے یون کے بیرمودو دوم (Vermudo II) (حکومت: ۹۸۲-۹۹۹) نے اپنی بیٹی تیریسا (Teresa) المنصور کو بھیجی، جس نے اسے ایک غلام کے طور پر قبول کیا۔ بعد میں اس نے اسے آزادی بخش دی تاکہ اس سے شادی کر سکے، لیکن وہ عیسائی ہی رہی اور ۳۹۲/۱۰۰۲ میں اپنے شوہر کی موت کے بعد ایک خانقاہ میں گوشہ نشینی اختیار کر لی۔[۳۳]

یہ سمجھ لینا چاہیے کہ عیسائی ریاستوں سے ان سفارتی اور ازدواجی روابط کا اہتمام سفرا کی ثالثی سے عمل میں آتا تھا جن میں اکثریت شاعروں کی ہوتی تھی، اور یہ باور کر لینا چاہیے کہ انھیں رومانی زبانوں کی شد بد ضرور ہوتی ہوگی۔ ایسے سفیر-شاعر کی ایک ابتدائی مثال یحییٰ ابن الحکم (اندازاً ۱۵٦/۷۷۲-۲٤۹/۸٦٤) ہے جو اپنی توانائی اور دل پذیر ناک نقشے کے باعث ''الغزال'' کہلاتا تھا۔ سفارتی نمائندے کی حیثیت سے اس کی کامیابی کا انحصار اس مہارت پر تھا جس سے وہ عورتوں کا لطف و کرم حاصل کر لیتا تھا۔ مثال کے طور پر، ۲۰۷/۸۲۲ میں نورمنڈی کے ایک مشن پر اس نے وہاں کی ملکہ تیودا کی شان میں چند بیت فی البدیہہ کہہ ڈالے:

میرے دل، تو نے بڑی درد انگیز محبت جھیلی ہے،

اوراس سے نبرد آزما ہوا ہے، جو شیروں میں سب سے خوں خوار ہے۔
میں ایک حسین نورمن خاتون کی محبت میں گرفتار ہو گیا ہوں،
جو آفتاب حسن کو کبھی غروب نہیں ہونے دیتی ہے۔

اس موقعے پر ملکہ کے لیے ان اور بقیہ مصرعوں کی تشریح ایک ترجمان نے کی تھی۔ نکل (Nykl)، جس سے میں یہ اشعار نقل کر رہا ہوں، اسی شاعر کی ایک اور نظم کا حوالہ بھی دیتا ہے اور اس کا گی یوم نہم (Guilhem IX) (یعنی اَ کی تین کا ولیم نہم William IX of Aquitaine)، جو پہلا طَــــرَبیــــہ متصور کیا جاتا ہے)[۳٤] کے ایک پہلے کے گیت سے مقابلہ کرتا ہے۔ اگرچہ یہ واقعہ طَرَبیوں کے دور سے ڈھائی صدیوں سے بھی زیادہ پہلے پیش آیا تھا، یہ ممکن ہے کہ آئندہ زمانے میں عربی شاعری کی ترسیل اسی نہج پر ہوئی ہو۔ اغلب ہے کہ ایک شخص جس کا اولین طَــرَبیــوں پر کسی قدر اثر پڑا ہو گا وہ المعتمد کا خدمت گزار شاعر اور سفارتی نمائندہ ابن عمّار تھا۔ ۱۰۷۸/٤۷۱ میں، قشتالیہ کے الفونسو ششم کو شطرنج کی ایک بازی میں مات دے کر اسے اپنی فوجیں کھینچ لینے پر راضی کر لینے کے بعد، ابن عمّار نے اپنے آقا کو مرسیہ (Murcia) کی فتح کے قصد پر اکسایا تھا۔ اس نے بارسی لونا کے رمون برینگیر دوم کو اس مہم میں شرکت کرنے کے عوض دس ہزار دینار دینے کا عہد کیا۔[۳۵] معاہدے کی ضمانت کے طور پر یرغمالوں کا تبادلہ ہوا: کاؤنٹ کا بھتیجا قرطبہ بھیجا گیا، جب کہ المعتمد کے بیٹے الرشید کو، جو اپنے باپ کی طرح شاعر اور بڑا نفیس عود نواز تھا،[۳٦] کاؤنٹ کے پاس بھیج دیا گیا۔ جب مقررہ تاریخ پر ادائیگی کے آثار نظر نہ آئے، تو کاؤنٹ نے ابن عمار اور الرشید دونوں کو نظر بند کر دیا۔ جب تک کاؤنٹ کو تیس ہزار دینار نہ ادا کر دیے گئے، جن میں ایک مقدار کھوٹے سکوں کی تھی، الرشید کو رہائی نصیب نہ ہوئی۔ یہ عین ممکن ہے کہ رمون برینگیر دوم کے درباریوں کو ان دو عرب شاعروں کے کلام کے مطالعے کا موقع ملا ہو۔ یہ رہا ابن عمار کے شعر کا نمونہ، جس میں طبع عشق کی تعریف کی گئی ہے:

جو چیز عشق کو بلند مرتبہ بخشتی ہے — لوگ اچھی طرح سمجھ
لیں — وہ اس کی باعث شرم فروتنی ہے،
اور اس کی دل کشیاں — اگر تم خوش گوار ذائقوں کے جویا
ہو — تو یہ اس کے عذاب ہائے سوزاں ہیں۔
محبت میں نام و ناموس کی جستجو نہ کرو، کیوں کہ
قوانینِ عشق کے غلام ہی تنہا مردانِ حُر ہیں۔[۳۷]

اس دور میں عیسائیوں اور مسلمانوں کے درمیان سیاسی اتحاد کوئی غیر معمولی بات نہیں تھی۔ ''کنتــار دِ میو سِید'' *Cantar*

(*de Mio Cid*) کی تحریک رودریگو دیاس دِوی وار (Rodrigo Díaz de Vivar) کی زندگی کے واقعات تھے جو المعتمد کا حلیف تھا اور قلیل مدت کے لیے بلنسیہ (Valencia) کا تقریباً مکمل خود مختار حکم راں بن بیٹھا تھا (حکومت: ۱۰۹٤/٤٨٧-۱۰۹۹/٤٩٣)۔ سِید کے مسلمان دوست اَبن گلبون (Abengalbón) کو کارّیون (Carrión) کے شرّی وارثوں سے کہیں زیادہ شریف دکھایا گیا ہے جو الفونسو ششم کے قصر شاہی میں آباد ہیں۔ خود الفونسو نے اپنی جوانی کا کچھ زمانہ طلیطلہ کی مسلمان حکومت میں جلاوطنی میں گزارا تھا، اور جب اس کی پانچویں بیوی بھی نرینہ وارث پیدا کرنے میں ناکام رہی، تو اس نے المعتمد کی بہو سیدہ کو بیوی یا داشتہ بنالیا تھا، اور اس نے مَریا (María) یا ایساویل (Isabel) کا نام اختیار کرلیا تھا۔[۳۸]

یہ قصہ ۱۰۹۱/٤٨٤ یا ۱۰۹۲/٤٨٥ کا ہے۔ چند سال بعد زچگی میں اس کی موت واقع ہوگئی، اور اگر اس کا بیٹا سانچو (Sancho) ۱۱۰۸/۵۰۱ میں ہونے والی اُوکلیس (Uclés) کی لڑائی میں کام نہ آ گیا ہوتا تو اپنے باپ کے بعد ضرور تخت نشین ہوا ہوتا۔ اس بات کے پیش نظر کہ اسلام میں ایک مسلمان عورت کا عیسائی سے شادی کرنا ممنوع ہے، یہ واقعہ اشبیلیہ کی بادشاہت کے المیہ انحطاط پر دلالت کرتا ہے۔ یہ بربری-عرب (Moorish) شہزادی کس طرح سنی سنائی پر عشق میں مبتلا ہوگئی تھی، اس کا رومانوی بیان الفونسو دہم کی ''ایستوریا دِاِسپانیا'' (*Estoria de España*) میں دیا گیا ہے: ''وہ اس پر فدا ہوگئی؛ اسے دیکھ کر نہیں (کیوں کہ اس نے تو اسے کبھی دیکھا ہی نہیں تھا)، بل کہ اس کی نیک شہرت اور بلند عزت کے باعث جو دن بہ دن بڑھتی جارہی تھی۔''[۳۹] ابن حزم نے اپنی ''طوق الحمامة'' کا ایک مختصر سا باب اسی موضوع پر وقف کیا ہے۔ وہ یہ تبصرہ کرتا ہے کہ عالی نسب خواتین، جو تنہائی میں زندگی گزارتی ہیں، اکثر اسی طرح محبت میں گرفتار ہوجاتی ہیں۔''[٤٠] اور اَمور دِلونہ (*amor de lonh*)، ظاہر ہے، ابتدائی دور کے پراوینسی طَرَبیے ژفرارودیل (Jaufre Rudel) کی شاعری کا مرکزی موضوع تھا، جس کی مخاطَب طرابلس (Tripoli) کی کاؤنٹس تھی۔[٤١]

آخر میں ہمیں ارگون میں مسلمانوں کے بار باسترو کے قلعے کے خلاف اس واحد عسکری مہم کے ممکنہ عواقب پر بھی غور کرنا چاہیے جس میں نورمن لشکروں اور جنوبی فرانس کے چند مبارزوں [نائٹس] نے حصہ لیا تھا، جن میں پہلے طَرَبیے کا باپ اَکی تین کا گی یوم ہشتم بھی شامل تھا۔ عرب واقعہ نویس ابن حیّان کے مطابق، مہم کی قیادت ''روم کے سواروں کے رسالے کا کمانڈر''، یعنی گی یوم دُمونترے (Guillaume de Montreuil)، کررہا تھا، جو پوپ الیگزینڈر دوم کی ملازمت میں تھا۔[٤٢] اَماتُس دِمونتے کسینو (Amatus de Monte Cassino) کی ''ہستوریا نورمانورم'' (*Historia Normannorum*) (نوشتہ ۱۰۸۰/۱۰۸۳) کے بیان کے مطابق، قیادت ایک نورمن لارڈ اور بھاڑے کے سپاہی روبیر کرس پیں (Robert Crespin)

کے ہاتھوں میں تھی۔[٤٣] بہ ہرحال جو بات یقینی ہے وہ یہ کہ مالِ غنیمت میں غلام لڑکیوں کی ایک بھاری تعداد شامل تھی — اماتس ڈیڑھ ہزار بتاتا ہے — جن میں کی زیادہ تر جنوبی فرانس کے محلات میں عود نواز مطربائیں اور داشتائیں بن گئیں۔ عفوِ عام کے معاہدے کے باوجود، شہر کے چھ ہزار مفرور تہِ تیغ کر دیے گئے۔ بعد ازاں سارے اصحاب خانہ سے کہا گیا کہ اپنے بیوی بچوں سمیت گھر لوٹ جائیں۔ ایک معاصر عرب مصنف لکھتا ہے کہ ''ہر مبارز جسے اپنے حصے میں گھر ملا، اسے اضافتاً وہ سب بھی ملا جو گھر میں شامل تھا — عورتیں، بچے اور روپیا پیسا۔۔۔ کفّار نے سفاکی کی انتہا کرتے ہوئے قیدی شوہروں اور باپوں کی نظروں کے سامنے ان کی بیوی بیٹیوں کی مزے لے لے کر عصمت دری کی۔''[٤٤] پرلے درجے کے درندوں کا سا برتاو کرنے کے بعد عیسائی بہ ظاہر عربوں کے طرزِ حیات کے بھاو میں آئے بغیر نہ رہ سکے۔ ابن حیّان کا بیان ہے کہ کس طرح اس کا ایک یہودی سوداگر دوست بارباسترو میں عیسائی شہ زادگان میں سے ایک کے پاس قلعے کے سابقہ کمانڈر کی بیٹیوں کی رہائی کے تاوان کی بات چیت کرنے گیا۔ عربوں کی عبا میں ملبوس یہ شہ زادہ الکائڈے (*alcaide*) [یعنی قاضی] کے حرم میں متمکن تھا۔ اس نے کنیز سے کہا کہ اپنی عود اٹھا کر اس کی تفریح کے لیے گائے بجائے، اور پھر یوں بدن جھٹکنے لگا گویا بول سمجھ میں آ رہے ہوں۔ گانا سننے کے بعد عیسائی شہ زادے نے یہودی کو یہ کہہ کر رخصت کیا کہ وہ ان غلام لڑکیوں سے جو لطف اٹھا رہا ہے وہ اس تمام طلا سے کہیں زیادہ پر بہا ہے جو ان کو آزاد کرنے کے عوض اسے مل سکتا ہو۔[٤٥] چاہے یہ شہ زادہ اَکی تین کا گی یوم ہشتم رہا ہو یا نہ رہا ہو، کم از کم یہ بات یقینی ہے کہ گی یوم کو اپنے حصے کے سارے قیدی ضرور ملے ہوں گے۔ سو یہ قرین صحت ہے کہ جب اس کا بیٹا گی یوم نہم ١٠٨٦ میں پندرہ سال کی کچی عمر میں اس کا جانشین بنا تو اسے ورثے میں چند عرب گانے والی لڑکیاں ملی ہوں گی۔ گی یوم نہم نے ہسپانیہ سے اپنے خاندان کے تعلقات برقرار رکھے۔ جب ١٠٩٤ میں وس کا (Huesca) کے محاصرے کے دوران ارگون کے سانچو اول کی موت واقع ہوئی تو اس نے بادشاہ کی نوجوان بیوہ فیلی پا (Philippa) سے شادی کر لی جس کے ''خدم و حشم میں یقیناً چند خانہ بہ دوش گویّے یا گانے والیاں شامل رہی ہوں گی، ویسی ہی جیسی بارباسترو میں قید کی گئی تھیں۔''[٤٦] بنا بریں، اس کی بہنوں نے علی الترتیب ارگون کے پیٹر اول اور قشتیلیہ کے الفونسو ششم سے شادی کی تھی؛ اور اس کی لڑکیوں میں سے ایک نے ارگون کے رمیرو دوم (Ramiro II) سے بیاہ کیا تھا۔ اس کے باپ سانتیاگو دِکوم پوستیلا (Santiago de Compostela) میں دفن ہوا تھا؛ اور یہیں ایک زائر کی حیثیت سے ١١٣٧ میں اس کے بیٹے کی موت بھی واقع ہوئی۔ جب ہم اس بات کو ذہن میں رکھ کر غور کرتے ہیں کہ اس کی پوتی ''شائگانی عشق'' کی زبردست سرپرست اَکی تین کی ایلیانور (Eleanor) تھی، جو لوئی ہشتم کو طلاق دینے کے بعد ہینری پلانتے جنیت (Henry Plantagenet) کی بیوی اور رچرڈ دی لائن ہارٹ کی ماں بنی، تب ہمیں

اندازہ ہوتا ہے کہ وہ خیالات اور تصورات جو مسلمان ہسپانیہ سے مستعار لیے گئے تھے وہ کتنی سرعت سے انگلستان اور شمالی فرانس جا پہنچے تھے۔ اولین طَرَبیوں کی شاعری میں ہسپانیہ کے اکثر حوالے اور اشارے بھی یہی کہانی سناتے ہیں۔ [۴۷]

اپنی سماجی حیثیت میں جاپانی گیشاؤں کی نظیر، یہ ان گانے والی لڑکیوں یا قیان کا معاشرتی ادارہ ہی تھا جس نے عربی تغزل کی روایت کو برقرار رکھا۔ عربی شاعری میں معشوق کا بیان بڑی حد تک قینۃ کے ڈانواڈول پیکر پر ہی ڈھالا گیا ہے۔ استاد اسے یہ تعلیم دیتا کہ وہ ایک شائگانی معشوق کا کردار انجام دے: عشوہ طرازیوں سے کام لے لیکن شرم وحیا کی پتلی بھی بنی رہے، سخت مشقت طلب اور فریب کار ہو، توقعات کو ہوا دے لیکن شاذ ہی انھیں پورا کرے، اور اپنے ہر عاشق کو اس گمان میں مبتلا رکھے کہ محبت تو وہ بس اسی سے کرتی ہے۔ ''رسالۃ القیان'' میں الجاحظ (وفات: ۲۵۵/۸۶۸) کا کہنا ہے کہ یہ ''اپنے جذبے کی گرم جوشی میں مشکل ہی سے کبھی سچی ہوتی ہے... کیوں کہ اپنی تربیت اور بنیادی جبلت دونوں کے باعث یہ اس کی سرشت میں داخل ہے کہ اپنے شکار کے لیے دام بچھائے۔''[۴۸] ''جب قینہ گانے کے دوران اپنی آواز بلند کرتی ہے، اس وقت ساری نگاہیں اسی پر جمی ہوتی ہیں، ساری سماعت کا رخ اسی کی طرف ہوتا ہے، اور دل اس کی سرکار میں سپر انداز ہو جاتا ہے... اسی سے، ایک نشاط انگیز لاپروائی کے ساتھ ساتھ، لمسی لطف اندوزی کا احساس بھی جاگتا ہے۔''[۴۹] سو مطربہ تمام حواس کو سیراب کرتی ہے اور ''ایسی لذتوں کا مجموعہ'' فراہم کر دیتی ہے ''جو روے زمین پر کوئی اور شے نہیں کر سکتی۔''[۵۰] اگر پانچویں/گیارھویں صدی میں مطرباؤں سے ہنوز یہ توقع کی جاتی تھی کہ ان کے پاس ''چار ہزار سے زائد دو یا چار بیتی نغموں کا ذخیرہ''[۵۱] ہوگا، تو آدمی اس اثر کا تصور کر سکتا ہے جو ایسی سینکڑوں مطرباؤں نے لانگ دوک (Languedoc) معاشرے پر ڈالا ہوگا۔ [الف] قشتالیہ، ارگون، اور نوار کے درباروں میں بھی ان مطرباؤں کے جوہر بڑی تحسین کی نظر سے دیکھے جاتے تھے۔ مثال کے طور پر، ہمیں معلوم ہے کہ قشتالیہ کے کاؤنٹ سانچو گارسیا (حکومت: ۹۹۵/۱۰۱۷) کو قرطبہ کے خلیفہ کی جانب سے مطرباؤں اور رقاصاؤں کا تحفہ موصول ہوا تھا۔ [۵۲]

چودھویں صدی کے عیسائی ہسپانیہ میں بھی اس قسم کے گیتوں سے ابھی تک لطف اٹھایا جاتا تھا۔ ای تا (Hita) کا مہا پادری (Archpriest) خوان روئیث (Juan Ruiz) ہمیں آگاہ کرتا ہے کہ اس نے بربر عرب مطرباؤں کے لیے بہ کثرت گیت لکھے تھے اور اس نے ایسے سازوں کی فہرست بھی مہیا کی ہے جو اس کی دانست میں ان گیتوں کے واسطے موزوں تھے۔ [۵۳]

یہ ثابت کر دینے کے بعد کہ جہاں تک ثقافتی ترسیل کے ذرائع کا تعلق ہے تو اس میں کوئی مسئلہ نہیں پیدا ہوتا، چلیے اب ملتے

جلتے موضوعات کی طرف متوجہ ہوں۔ میری دانست میں ''شائستگانی عشق'' کا سب سے اہم نکتہ عاشق کا خود کو پورے طور پر سپر انداز کر دینے کا رویہ ہے۔ مثال کے طور پر بیر نارت دُونتادورن کا خیال آتا ہے:

Bona domna, re no. us deman
Mas que.m prendatz per servidor,
Qu'ie.us servirai com bo senhor,
Cossi que del gazardon m'an.[٥٤]

(''اچھی خاتون، میں آپ سے اس کے سوا کسی چیز کا خواست گار نہیں کہ مجھے اپنے خادم کے طور پر
قبول کریں۔ میں آپ کی خدمت اسی طرح بہ جالاؤں گا جس طرح کسی معزز آقا (لارڈ) کی، خواہ
صلے میں کچھ بھی ملے۔'')

اسی طرح گی یوم نہم، جس کی بہت سی نظمیں اہانت آمیز ہیں، اپنی معشوقہ سے یہ التجا کرتا ہے کہ اس کا نام اپنے غلاموں کی فہرست میں شامل کر لے۔ کہتا ہے کہ وہ اس کے خلاف جو مقدمہ بھی قائم کرے، اسے قبول ہوگا۔[٥٥] عرب شاعروں میں العباس ابن الاحنف (وفات: ١٩٠/ ٨٠٦) کا نام فوراً جست بھر کر سامنے آ جاتا ہے:

تمھارا غلام ہوں، چاہو تو اذیت پہنچاؤ
یا میرا جو بھی کرنا ہے کر گزرو، خواہ یہ کچھ بھی سہی![٥٦]

میری محبت قبول کرو، یہ تحفتاً تمھاری نذر کرتا ہوں!
پھر اس کے صلے میں مجھے دھتکار دو — یہی محبت ہے!
میری یہ روح تم پر نثار ہو؛
بہترین تحفہ وہی ہے جو بدلہ نہیں مانگتا۔[٥٧]

یہ کہا گیا ہے کہ العباس ''اپنی خاتون سے استواری کے ساتھ شائستگانی رویے کے اظہار''[٥٨] کے لحاظ سے یکتا ہے۔ تاہم اس قسم کے جذبات کا اظہار بہت سے ہسپانوی-عرب شعرا کے یہاں ملتا ہے جن میں متعدد خلفا بھی شامل ہیں۔ الحَکَم دوم کی مثال دیتے ہوئے ابن حزم لکھتا ہے:

عشق میں فروتنی نفرت انگیز نہیں ہوتی،
کیوں کہ عشق میں متکبّر اپنے کو ناچیز بناتا ہے؛
میرا جو حال ہے اس میں میری ذلّت پر تعجب نہ کرو،
کیوں کہ مجھ سے پہلے المستنصر کا بھی یہی حشر ہو چکا ہے![٥٩]

[ب]

ابن داؤد (وفات: ۲۹٤/ ۹۰۷) کے مطابق، ''معشوق کے سامنے فروتنی ایک وضع دار آدمی کا فطری خاصّہ ہے۔''[٦٠] العباس ابن الاحنف کا ہم عصر الحکم اول (وفات: ۲۰٦/ ۸۲۲) کہتا ہے:

میں بادشاہ، پسپا، میرا سارا اقتدار عشق کی سرکار میں
خاک میں مل چکا ہے، کسی قیدی کی طرح پابہ زنجیر، واماندہ ولاچار!...
شدت عشق نے اسے غلام بنادیا ہے،
گرچہ اس سے قبل وہ بڑا زورآور بادشاہ تھا!
اگر وہ گریہ کرتا ہے، عشق کا گلہ کرتا ہے، تو وہ اس کے ساتھ اور زیادہ
ناانصافی سے پیش آتے ہیں، اعراض کرتے ہیں، اسے موت کے
قریب پہنچادیتے ہیں![٦١]

سلیمان المستعین (حکومت: ٤۰۰/ ۱۰۰۹-۱۰ تا ٤۰۷/ ۱۰۱٦) بھی اپنے فقرے ''سلطان الھویٰ'' [عشق کی فرماں روائی] میں العباس کی طرف اشارہ کناں نظر آتا ہے:

تین حسنوں کے باب میں [جن کے قبضے میں میرا دل ہے]، میں نے عشق سے نسیان کا ذکر کیا ہے، اور عشق کہتا ہے کہ اس کا حکم میرے حکم کے خلاف استعمال ہو۔
عشق (ھویٰ) کے حضور اس طرح خود کو فروتن کرنے پر ایک بادشاہ کو قصوروار نہ سمجھو، کیوں کہ محبت میں ملنے والی ذلت بھی ایک طرح کا اقتدار اور شاہیِ دوم ہوتی ہے۔[٦٢]

عبدالرحمٰن پنجم (حکومت: ٤١٤/ ۱۰۲۳-۲٤)، اپنی بنتِ عم ام حبیبہ سے اپنی شادی کے بیان میں لکھتا ہے:

میں نے [نکاح نامے میں] اس شرط کی صراحت کی ہے کہ میں ایک غلام کی طرح اس کی خدمت کروں گا اور میں نے اپنی روح جہیز کے طور پر اسے پہنچادی ہے۔

اس نے یہ بھی لکھا ہے:

میں نے اپنی بادشاہت، اپنا نفس، اپنا خون اور اپنی روح اس کے حوالے کردی ہے، اور روح سے زیادہ قیمتی کوئی اور شے نہیں ہوتی۔[٦٣]

مسلمان مستبد حکم راں کے روایتی پیکر اور اسلام میں عورت کی مفروضہ پست و دنی حیثیت کے مدنظر یہ بات واقعی بڑی حیرت انگیز ہے کہ مسلمان ہسپانیہ کے اتنے بہت سے حکم راں معشوق کی بالادستی کے تصور کے حامی تھے، حتیٰ کہ ازدواج کے دائرے

میں بھی۔ اواخرِ چودھویں صدی کے بوہیمیا کے وین زل چہارم (Wenzel IV) سے پہلے میں کسی یورپی بادشاہ کا تصور بھی نہیں کر سکتا جو اس انداز میں گفت گو کرنے کا اہل ہو۔[٦٤]

میرے خیال میں چوسر وہ پہلا یورپی ادیب ہے جس نے معشوق کے اقتدار کے شائگانی تصور کا ازدواجی محبت سے ملاپ کرانے کی کوشش کی تھی۔ *The Franklin's Tale* میں اَرویراگُس (Arveragus)، جو ایک سچا شائگانی عاشق ہے، ازدواج کی حدود میں اپنی بیوی کی خدمت کرنے اور کورنش بہ جا لانے کے بعد (after serving her with "meke obeysaunce", l. 739)، اس کا آقا [لارڈ] بننے میں تامل محسوس کرتا ہے۔ چناں چہ وہ تمام باتوں میں اس کے کہے پر عمل کرنے کا عہد کرتا ہے:

And for to lede the moore in blisse hir lyves,
Of his free wyl he swoor hire as a knyght
That nevere in al his lyf he, day ne nyght,
Ne sholde upon hym take no maistrie
Again hir wyl, ne kithe hire jalousie,
But hire obeye, and folwe hir wyl in al,
As any lovere to his lady shal,
Save that the name of soveraynetee,
That wolde he have for shame of his degree.
(ll 744-752)[ج]

اس طرح اَرویراگُس ایک ہی وقت میں خادم اور آقا— محبت میں خادم اور شادی میں آقا ("Servant in love and lord in marriage" (l.793)) دونوں ہی— بن جاتا ہے۔ فرینکلِن، جو معلوم ہوتا ہے کہ یہاں چوسر ہی کی رائے کا اظہار کر رہا ہے، اس حل کو پسندیدگی کی نظر سے دیکھتا ہے کیوں کہ جیسا کہ وہ کہتا ہے، "Love wol nat been constreyned by maistrye" (l. 764)۔ [یعنی: محبت حکم رانی کی بندش سے آزاد ہوگی: Love will not be constrained by mastery;] ان سطور میں چوسر کا ماخذ بہ راہ راست بیرنارت دُوِنتادورن ہو سکتا ہے:

Mas en amor non a on senhoratge,
e qui l'i quer vilanamen domneya,
que re no vol amors qu'esser no deya.[٦٥]

("لیکن محبت میں آدمی کا حکم نہیں چلتا، اور اگر وہ اس کی جستجو کرتا ہے، تو پھر وہ کسی اجڈ کی طرح اظہارِ عشق کر رہا ہوتا ہے، کیوں کہ عشق کو کسی نازیبا چیز کی خواہش نہیں ہوتی۔")

اگر چہ بیرنارت دُونتادورن اس آرزو کا برملا اعلان کرتا ہے کہ وہ اپنی اطاعت گزاری سے اپنی معشوقہ کے ترحم کو ابھار سکے گا، وہ جانبین کی رضامندی پر بھی زور دیتا ہے:

En agradar et en voler
Es l'amors de dos fis amans.
Nula res no i pot pro tener
Si.lh voluntatz non es agaus.[٦٦]

(''دو معزز عاشقوں کی محبت کا دارو مدار توافق اور رضامندی پر ہے۔ اگر رضامندی کی خواہش باہمی نہ ہو تو پھر یہاں ہر چیز بے کار ہے۔'')

حزم و احتیاط کی ہدایت کا سپر اندازی کے موضوع (theme) سے چولی دامن کا ساتھ ہے۔ جس طرح عرب شاعر [محبوب کے لیے] اکثر مذکر، جیسے سیّدی یا مولایا (میرے آقا)، جیسا فقرہ استعمال کرتے تھے، جو پراونیسی کے می دوں (midons) کے مترادف ہے، اسی طرح عرب اور پراونیسی شعرا کے یہاں محبوب کی شناخت کو ایک فرضی نام (عربی میں ''کُنیۃ''، پراونیسی میں ''سینیال'' *senhal*) کے ذریعے مخفی رکھنے کا رواج تھا۔ اس روایت کا التزام نہ رکھنے کے نتیجے میں خاتون کی عزت پر حرف آ سکتا تھا۔ چناں چہ عمر ابن ابی ربیعہ (اندازاً ۲۳/ ٦٤٣-١٠١/ ٧١٩) سخن طراز ہے:

زینب نے یہ کہنے کے لیے خفیہ پیغام بھیجا:
تم نے نسیب [د] میں میری کنیت کے بجائے
میرا نام لے کر مجھے رسوا کر دیا ہے۔
سو یوں تم نے ہمارے راز کو بے حرمت کر دیا ہے۔[٦٧]

ابن حزم کہتا ہے کہ اسے اپنی معشوق کی شناخت کو ظاہر کرنے کے مقابلے میں پاگل بننا منظور ہے:

لوگ کہتے ہیں: ''خدا کی قسم، وہ جس نے تمھاری میٹھی
نیند اڑا دی ہے اس کا نام بتاؤ!''
لیکن میں یہ کبھی نہیں کروں گا! اس سے پہلے کہ وہ جس چیز
کے جویا ہیں انھیں مل جائے
میں اپنے ہوش و حواس کھو دوں گا اور ساری بدنصیبیوں کا
مقابلہ کروں گا۔[٦٨][ه]

ابن زیدون (٣٩٤/ ١٠٠٣-٤٦٣/ ١٠٧١) کے یہ زبانِ زد خاص و عام ابیات جو اس نے شہزادی ولّادہ کی بابت کہے تھے

ایسے ہیں کہ انھیں کوئی طَرَبیہ بھی لکھ سکتا تھا:

اگر تم نے چاہا ہوتا، تو ہم کسی ایسی چیز میں شریک ہو سکتے تھے جو امر ہے،
ایک راز جو تمام رازوں کے منکشف ہونے کے بعد بھی راز ہی رہے گا۔
مجھ میں جو حصہ تمھارا ہے، تم نے بیچ ڈالا ہے، لیکن یاد رکھو کہ میں
تم میں جو میرا حصہ ہے نہیں بیچوں گا، چاہے اس کی قیمت مجھے اپنی جان
کے عوض ہی کیوں نہ دینی پڑے!
جان لو — خدا کرے یہ کافی ہو — کہ اگر تم میرے دل پر ایسا بوجھ رکھو
جس کو اٹھانے کے متحمل دوسرے دل نہ ہو سکیں، تو میرا دل اسے
اٹھالے گا۔
بے رخی ہی سہی، میں برداشت کرلوں گا، التوا کرو، میں صبر سے کام لوں
گا؛ خود بین و متکبر بنو، میں فروتن رہوں گا؛
رخصت ہو، میں پیچھے پیچھے آؤں گا؛ کلام کرو، میں سنوں گا؛ حکم دو، میں بہ
جالاؤں گا۔[۶۹]

ولّادہ کے لیے ایک دوسری نظم میں وہ اپنی محبت کا ایک کھلے راز کے طور پر اظہار کرتا ہے:

تمھاری تعظیم و احترام تمھارا نام نہیں لینے دیتے
پھر اس کی ضرورت ہی کیا ہے، تم پہلے ہی اتنی بلند مرتبت
ہو۔[۷۰]

اسی طرح محمد ابن الحدّاد (وفات: ۱۰۸۸/۴۸۰) چند نفیس نظموں میں ایک عیسائی دوشیزہ کو ''نویرہ'' کی کنیت دے کر خطاب کرتا ہے:

آہ، میں کتنی احتیاط سے اپنی محبوب کا نام مخفی رکھتا ہوں،
اور [خلق کے سامنے] نام نہ لینا میرا شعار ہے،
اور میں اپنے معموں سے اسے اور زیادہ مبہم بنانا کبھی ترک
نہیں کرتا۔[۷۱]

عرب اور پراوینسی شاعر دونوں ہی خفیہ اشاروں میں گفت گو کرتے ہیں، شناسائی کے کسی اشارے یا دل کش تہنیتی بول (بیل اَکوئی [bel accueil]) کا مطالبہ کرتے ہیں اور بعض اوقات، جیسے دانتے کی ''ویتا نوا وا'' (Vita nuova) میں، کسی اور خاتون کو اوٹ کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔ اس قسم کا مشورہ ابن حزم کے اس رسالے میں مل سکتا ہے جو اس نے عشق پر تصنیف

کیا ہے۔ بیرنارت دونتا دورن لکھتا ہے:

Parlar degram ab cubertz entresens
E, pus no.ns val arditz, valgues nos dens! . . .
C'amor pot om e far semblans alhor
E gen mentir lai on non a autor.[۷۲]

(''ہمیں لازم ہے کہ خفیہ علامتوں میں گفت گو کریں اور، چوں کہ بے باکی ہمیں راس نہیں آتی، کاش عیاری ہمیں راس آئے!... کیوں کہ آدمی عشق کرسکتا ہے اور موقع محل دیکھ کر عیاری سے کام لے سکتا ہے، اور جہاں کوئی یقینی ثبوت موجود نہ ہو وہاں جھوٹ بول سکتا ہے۔'')

